نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دھان کے کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔

لاہور:**22 مئی 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کے کاشتکار فی ایکڑ زیادہ پیداوار حاصل کرنے کیلئے دھان کی منظور شدہ موٹی اقسام کے ایس 282، نیاب اری9، اری6، کے ایس کے 133، کے ایس کے 434، نیاب 2013، نجی 5، نیاب ایس ٹی 9 نیاب آر سی 195 اور کے ایس کے 706 کی پنیری **20 مئی تا 7 جون** تک کاشت کریں جبکہ نجی جی ایس آر 6، نجی جی ایس آر 7، نجی جی ایس آر 8 اور ایس کے سی 32-5-370 کا وقت کاشت **10 جون تا 25 جون** ہے۔اس کے علاوہ باسمتی / فائن اقسام الخالد رائس کا وقت کاشت **25 مئی تا 10 جون** ہے۔وائٹل، سپر باسمتی، سونا سپر باسمتی، نیاب ایس 39، نیاب، ایچ ٹی ٹی 18، گارڈ 101، پی کے 2021 اریومیٹک، نیاب سپر، این بی آر 2، نجی باسمتی 2020، سپر گولڈ، سپر باسمتی 2019، باسمتی 515، باسمتی سپر، چناب باسمتی، پنجاب باسمتی، پی کے 1121 اریومیٹک، نیاب باسمتی 2016، نور باسمتی، پی کے 386 اور سلطان سپر باسمتی کا وقت کاشت **7 جون تا 25 جون** ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ دھان کے کاشتکار کسان باسمتی کی کاشت **10 جون تا 30 جون**، کسان باسمتی **10 جون تا 30 جون** جبکہ باسمتی ہائبرڈ اقسام کے ایس کے 111 ایچ کی کاشت **7 جون تا 25 جون** مکمل کریں جبکہ سفارش کردہ موٹی ہائبرڈ اقسام کی کاشت 20 مئی تا 15 جون مکمل کریں۔دھان کے کاشتکار غیر منظور شدہ اور ممنوعہ اقسام ہرگز کاشت نہ کریں کیونکہ ان کے چاول کا معیار ناقص ہوتا ہے۔ان اقسام کی ملاوٹ کی وجہ سے عالمی منڈی میں چاول کی کم قیمت وصول ہوتی ہے

☆☆☆☆